| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **مضمون:** | اردو | **جماعت:** | نرسری | **موضوع:** | حرف 'ھ' | **دن:** | پہلا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'ھ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت/بناوٹ سے 'ھ' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ھ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی۔ بچوں سے حرف 'ا سے لے کر 'ھ' تک کا تلفظ، آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ھ' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ میں حرف 'ھ' ہوں میری دو آنکھیں اوپر نیچے ہوتی ہیں اس لیے مجھے دو چشمی کہتے ہیں میری کوئی آدھی شکل نہیں ہوتی میں حروف تہجی کا چھتیسواں حرف ہوں۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ھ' سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا بلکہ یہ الفاظ کے درمیان یا آخر میں آتا ہے۔ بچوں کو حرف 'ھ' کے ذخیرہ الفاظ بھالو، ڈھول، پھول، پھل، گھڑی، کھڑکی، بھنڈی اور جھاڑو فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔ تختہ سفید/سیاہ پر ایک لکیر کھینچی جائے گی اور حرف 'ھ' لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔ اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف 'ھ' لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 76 کھولنے کو کہا جائے گا اور بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف 'ھ' پر انگلی پھیریے اور 'ھ' کی اشیاء کے نام بتائے جائیں گے اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو 'ھ' کی ورک شیٹ دے کر Cotton bud کی مدد سے رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ھ' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی اور بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5منٹ<br>10منٹ<br>20منٹ<br>5منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>پھل، پھول، گھڑی، بھالو، بھنڈی، جھاڑو<br>کتاب صفحہ نمبر 76<br>ورک شیٹ<br>Cotton bud رنگ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ھ' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ڈھ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'ڈھ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت/بناوٹ سے 'ڈھ' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ڈھ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو 'ڈھ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ صوتی آواز اور مختلف اشیاء کے ناموں سے پوچھا جائے گا کہ نشاندہی کریں۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ڈھ' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو بھالو دکھایا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ یہ کیا ہے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ یہ کس کس کے پاس ہے اور کس کو اِس کے ساتھ کھیلنا پسند ہے۔<br>بھالو کا لفظ تختہ سفید پر لکھیں اور بچوں سے پوچھیں کے اس میں 'ڈھ' کہاں آ رہا ہے۔ بچوں سے ہوا یا جلد میں حرف 'ڈھ' کی شکل بنوایئے اور بار بار اس کی دہرائی کروایئے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو تصاویر کے ساتھ لکھے ہوئے الفاظ کے فلیش کارڈ دیجیے جس میں الفاظ واضح اور بڑے لکھیں ہوں جیسے پھل، پھول کھڑکی، گھڑی، جھاڑو وغیرہ۔ بچوں سے کہیے کہ ان تصاویر کو دیکھ کر نام بتایئے اور اُن کو 'ڈھ' جہاں نظر آ رہی ہے وہاں دائرہ لگائیں۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ 'ڈھ' کی اشیاء میں رنگ بھریں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہوا میں 'ڈھ' لکھنے کی مشق تین سے چار بار کروایئے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>بھالو<br>فلیش کارڈ مارکر<br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ڈھ' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ڈھ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'ڈھ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت/بناوٹ سے 'ڈھ' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ڈھ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ڈھ' کا درست تلفظ،صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم گھڑی کے بارے میں جانیں گے۔ گلاس میں لگی گھڑی کی طرف اشارہ کریں اور سب سے پوچھیں کہ یہ کیا ہے۔ ہم اس کو کیوں دیکھتے ہیں۔ کیا اس کو دیکھے بغیر آپ صبح وقت پر سکول آسکتے ہو۔ بچوں کو بتائیے کہ ہمیں چاہیے کہ ہر کام وقت پر کریں اور وقت ضائع نہ کریں اور گھڑی ہمیں کام وقت پر کرنے میں مدد دیتی ہے۔ بچوں سے کہیے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں کی مدد سے ہوا میں 'ڈھ' بنائیں اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو Straw کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ایک پیالے میں ڈال کردیں۔ بچوں سے کہیے کہ ان ٹکڑوں کی مدد سے حرف 'ڈھ' بنائیں۔ بچوں کی حرف 'ڈھ' بنانے میں مدد کریں۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ گھڑی کی سوئیاں بنا کر اُس کا ٹائم بتائیں گے اور حرف 'ڈھ' پر پنسل پھیریں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے جھولا، چھڑی، جھاڑو، کھڑکی میں حرف 'ڈھ' کی نشاندہی کروائیے۔<br>**گھر کا کام:**<br>ورک شیٹ میں 'ڈھ' کے گرد دائرہ لگائیے اور حرف 'ڈھ' میں پنسل پھیریے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>گھڑی<br>Straw<br>قینچی، پیالہ<br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ڈھ' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ھ‘ | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ۔<br>حرف ’ھ‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت/بناوٹ سے ’ھ‘ لکھ سکیں۔<br>حرف ’ھ‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف ’ھ‘ کا فلیش کارڈ دکھا کر ان کا درست تلفظ، صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ھ‘ کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ’ھ‘ کے مزید الفاظ جانیں گے۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ ’ھ‘ الفاظ کے درمیان یا آخر میں استعمال ہوتا ہے۔ فلیش کارڈ کے ذریعے گھڑی، کھڑکی، بھنڈی اور جھاڑو کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔ ان کے نام پوچھے جائیں گے اور ان الفاظ میں حرف ’ھ‘ کی نشاندہی کروائی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو مختلف تصاویر کے فلیش کارڈ دے کر حرف ’ھ‘ کے فلیش کارڈ کو الگ کرنے کو کہا جائے گا۔ سرگرمی کے دوران ہر بچے سے انفرادی طور پر اشیاء کے نام اور حرف کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 77 کھولنے کو کہا جائے گا۔ اور دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔ بچوں کو کہا جائے گا ہم کون سا حرف لکھنا سیکھ رہے ہیں۔ بتائیے۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف ’ھ‘ کو اُن کے الفاظ سے ملائیے جن میں ’ھ‘ کا استعمال ہوا ہے نیچے دی گئی حرف ’ھ‘ پر درست بناوٹ کے ساتھ پنسل پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 77 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ پر لکیر کھینچ کر ’ھ‘ لکھنے کی مشق کروائیے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ڈھ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'ڈھ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت/بناوٹ سے 'ڈھ' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ڈھ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ڈھ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 3 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ڈھ' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم پھل اور پھول کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں کو پھول دکھائیں اور کچھ پھل بھی۔ بچوں کو بتائیں یہ دونوں چیزیں درختوں اور پودوں پر لگتی ہیں۔ بچوں کو بتائیے کہ پودوں پر پھول لگتے ہیں پھر وہ پھل میں تبدیل ہو جاتے ہیں بچوں سے پوچھیے کہ اُن کو کون سے پھول پسند ہیں۔ اور اُن کو یہ بھی بتائیے کہ پھولوں کو توڑنا بُری بات ہے بچوں سے اُن کے پسندیدہ پھلوں کے بارے میں بات کریں۔ اُن کو بتائیں کے پھل ہمارے لیے صحت بخش ہوتے ہیں ہمیں پھل کھانے چاہیے۔<br>بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'ڈھ' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | Sand Tray | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ڈھ' لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت پر اپنا کام مکمل کر سکے۔ | 30 منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ڈھ' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ جھاڑو، بھنڈی، کھڑکی اور گھڑی کے فلیش کارڈ دکھا کر ان میں حرف 'ڈھ' کی نشاندہی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>حرف 'ڈھ' کو کاپی میں لکھیں۔ | 5 منٹ | | |